# NOTICE OF 36TH ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 36th Annual General Meeting ("AGM") of the shareholders of Crescent Steel and Allied Products Limited (the "Company") will be held on Wednesday, 28 October 2020 at 12:00 noon, at registered office, Lahore, through video-link to transact the following Ordinary Business:

1. To receive, consider and adopt the Chairman's Review Report, the Reports of Directors and Auditors together with Audited Annual Separate and Consolidated Financial Statements for the year ended 30 June 2020.
2. To appoint Company's auditors and to fix their remuneration. The Board Audit Committee and the Board of Directors have recommended the name of M/s. A. F. Ferguson & Co. Chartered Accountants as auditors for appointment by the Company's members in annual general meeting in place of retiring auditors M/s KPMG Taseer Hadi & Co. Chartered Accountants.

BY ORDER OF THE BOARD

**Iesha Fazal**
Company Secretary

Lahore: 07 October 2020

## NOTES:

1. In view of the SECP instructions due to Coronavirus Pandemic, the AGM will be conducted virtually via video link for safety and well-being of the shareholders of the Company and general public. The AGM can be attended using smart phones/ tablets/computers. To attend the meeting through video link, members and their proxies are requested to register themselves by providing the following information along with valid copy of Computerized National Identity Card (both sides)/passport, attested copy of board resolution / power of attorney (in case of corporate shareholders) through email at company.secretary@crescent.com.pk by 26 October 2020.

| Name of member | CNIC No. | CDC Account No/Folio No. | Cell Number. | Email address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

2. The members who are registered after the necessary verification shall be provided a video link by the Company on the same email address that they email with the Company with. The Login facility will remain open from start of the meeting till its proceedings are concluded.
3. The shareholders who wish to send their comments/ suggestions on the agenda of the AGM can email the Company at company.secretary@crescent.com.pk or WhatsApp at 0321-9436216. The Company shall ensure that comments / suggestions of the shareholders will be read out at the meeting and the responses will be made part of the minutes of the meeting.

### Book Closure and Proxies:

4. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from 22 October 2020 to 28 October 2020 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar, M/s CorpTec Associates (Pvt) Limited, 503-E, Johar Town, Lahore by the close of business on 21 October 2020, will be treated in time for the entitlement to attend the Annual General Meeting of the Company.
5. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint any other member as his/her proxy to attend and vote instead of him/her and a proxy so appointed shall have the same rights, as respects attending, speaking and voting at the AGM as are available to the members. The proxy

form shall be witnessed by two persons, whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form. A Proxy must be a member of the Company.

6. The instrument appointing a proxy and the power of attorney or other authority under which it is signed or a notarial attested copy of the power of attorney must be deposited at the Registered Office of the Company at least 48 hours before the time of the meeting. Proxy Forms, in English and Urdu languages, have been dispatched to the members along with the notice of AGM.

## e-Payment of Dividend:

7. The provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 require the listed companies that any dividend payable in cash shall only be paid through electronic mode directly into the bank account of designated by the entitled shareholders. Accordingly, the shareholders holding physical shares are requested to provide the Company's Share Registrar at the address given herein above, electronic dividend mandate on E-Dividend Form provided in the annual report and also available on website of the Company. In the case of shares held in CDC, the same information should be provided to the CDS participants for updating and forwarding to the Company. In case of non-submission, all future dividend payments may be withheld.

## Zakat Declarations:

8. The members of the Company are required to submit Declaration for Zakat exemption in terms of Zakat and Ushr Ordinance, 1980.

## Circulation of Financial Statements:

9. The shareholders who wish to receive hard copy of the aforesaid documents may send to the Company Secretary / Share Registrar, the Standard Request Form provided in the annual report and also available on the website of the Company and the Company will supply hard copies of the aforesaid document to the shareholders on demand, free of cost, within one week of such demand. The shareholders who intend to receive the annual report including the notice of meeting through e-mail are requested to provide their written consent on the Standard Request Form provided in the annual report and also available on the Company's website: www.crescent.com.pk.

## Unclaimed Dividend / Shares:

10. Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend or bonus shares or did not collect their physical shares, if any, are advised to contact our Share Registrar M/s. Corptec Associates (Private) Limited, 503-E, Johar Town, Lahore, to collect/enquire about their unclaimed dividend or pending shares, if any.

## Video Conferencing Facility:

11. Pursuant to the provisions of the Companies Act, 2017, the shareholders residing in a city and holding at least 10% of the total paid up share capital may demand the Company to provide the facility of video-link for participating in the AGM. The demand for video-link facility shall be received by the Share Registrar at the address given hereinabove at least seven (7) days prior to the date of the meeting on the Standard Form provided in the annual report and also available on the company's website.

## Placement of Financial Statements:

12. The Company has placed a copy of the Notice of AGM, Annual Separate and Consolidated Financial Statements for the year ended 30 June 2020 along with Auditors and Directors Reports thereon and Chairman's Review on the website of the Company: www.crescent.com.pk

6 پراکسی مقرر کرنے کیلئے جمع کروائے جانے والی دستاویز اور زیر دستخطی پاور آف اٹارنی یا پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے مصدقہ نقل اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرار دفتر کو موصول ہونا لازم ہے۔ اردو اور انگریزی زبانوں میں پراکسی فارم نوٹس برائے سالانہ مالیاتی دستاویزات کے ساتھ ارسال کیا جا چکا ہے۔

## ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ادائیگی

7 کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنیوں کیلئے لازم ہے کہ قابل ادائیگی نقد ڈیویڈنڈ اب صرف حصص داران کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست بذریعہ الیکٹرانک ذرائع ہی ادا کئے جا سکتے ہیں۔ لہذا ایسے حصص داران جو کہ اب تک کاغذی صورت میں حصص کے حامل ہیں اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا پتے پر کمپنی حصص رجسٹرار کے پاس ای ڈیویڈنڈ فارم پر الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ جمع کروا دیں، ای ڈیویڈنڈ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور اس فارم کو کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ سی ڈی سی میں حاملین حصص سے گزارش کی جاتی ہے کہ سی ڈی سی شراکت داروں کو بھی یہی معلومات فراہم کر دی جائیں تاکہ یہ معلومات کمپنی تک پہنچ جائیں اور ان کی تجدید بھی کر لی جائے۔ بصورت دیگر مستقبل میں ملنے والے تمام ڈیویڈنڈ روک لئے جائیں گے۔

## زکوۃ سے متعلق حلف نامہ

8 ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ زکوۃ و عشر آرڈیننس 1980 کے قواعد کے مطابق اپنی زکوۃ کی ادائیگی سے متعلق حلف نامہ جمع کروا دیں۔

## مالیاتی دستاویزات کی فراہمی

9 ایسے حصص داران جو کہ مذکورہ بالا دستاویزات کو کاغذی صورت میں حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں اپنی درخواست ایک مختص کردہ درخواست فارم پر کمپنی سیکرٹری / حصص رجسٹرار کو بھیج سکتے ہیں، متعلقہ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور یہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ درخواست موصول ہونے کی صورت میں ایک ہفتے کے اندر اندر کمپنی کی جانب سے حصص داران کو بلا معاوضہ مذکورہ بالا دستاویزات کاغذی صورت میں فراہم کر دیئے جائیں گے۔ ایسے حصص داران جو کہ سالانہ رپورٹ اور اجلاس کا نوٹس بذریعہ ای میل حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں کو چاہیئے کہ مختص کردہ درخواست فارم پر اپنی مرضی سے آگاہ کر دیں، متعلقہ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.crescent.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

## غیر دعوہ شدہ ڈیویڈنڈ / حصص

10 حصص داران جو کہ کسی بھی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ کا دعوہ نہ کر سکے یا اپنے بونس حصص یا کاغذی صورت میں اپنے حصص اب تک موصول نہیں کر پائے ان سے گزارش ہے کہ اپنے غیر دعوہ شدہ ڈیویڈنڈ یا زیر التواء حصص کے حصول کیلئے ہمارے حصص رجسٹرار میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، E-503، جوہر ٹاؤن، لاہور سے رابطہ کریں۔

## ویڈیو کانفرسنگ کی سہولت

11 کمپنیز ایکٹ 2017 کے قواعد کی رو سے کسی بھی شہر میں کمپنی کے کل ادا شدہ حصص کے کم از کم 10% کے حاملین حصص داران کمپنی سے یہ مطالبہ کر سکتے ہیں کہ انھیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی جائے۔ ویڈیو لنک فراہم کرنے کیلئے مختص کردہ درخواست فارم پر اجلاس شروع ہونے سے کم از کم سات (7) دن پہلے کمپنی کے حصص رجسٹرار کو درخواست موصول ہونا لازم ہے، درخواست فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور فارم کو کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

## مالیاتی دستاویزات کی فراہمی

12 کمپنی کی جانب سے نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام، سالانہ جداگانہ اور مخلوط مالیاتی دستاویزات برائے مالی سال اختتامیہ 30 جون 2020 اور ان سے متعلق ڈائریکٹروں اور آڈیٹروں کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کو کمپنی کی ویب سائٹ www.crescent.com.pk پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

# 36ویں سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

**بذریعہ ہذا نوٹس ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کریسنٹ اسٹیل اینڈ الائیڈ پروڈکٹس لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص داران کا 36واں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 28 اکتوبر 2020 دوپہر 12:00 بجے بمقام لاہور بذریعہ ویڈیو لنک منعقد کیا جارہا ہے جس میں درج ذیل عمومی امور زیر بحث لائے جائیں گے:**

1۔ مالی سال اختتامیہ 30 جون 2020 سے متعلق چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹروں اور آڈیٹروں کی رپورٹس بمعہ کمپنی کی جداگانہ اور مربوط آڈٹ شدہ مالیاتی دستاویزات کو موصول کرنا، انھیں زیرغور لانا اور انھیں منظور کرنا۔

2۔ کمپنی کے آڈیٹروں کی تعیناتی کرنا اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ بورڈ کی آڈٹ کمیٹی اور بورڈ کی جانب سے سفارش کی گئی ہے کہ میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں کمپنی کے آڈیٹر کے طور پر تعینات کیا جائے جو کہ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاسیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ اپنی خدمات فراہم کریں گے۔

**بحکم بورڈ**

اِشاعِ فضل
کمپنی سیکرٹری

لاہور: 07 اکتوبر، 2020

## نوٹس:

1 کورونا وائرس سے پیدا ہونے والی عالمی وبائی صورتحال کے پیشِ نظر، ایس ای سی پی کی ہدایات کی روشنی میں کمپنی کے حصص داران اور عوام الناس کی صحت و فلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے سالانہ اجلاس عام ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کیا جارہا ہے۔ سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ اسمارٹ فون/ٹیبلٹ/ کمپیوٹر شرکت کی جاسکتی ہے۔ ممبران اور ان کے نمائندوں (proxies) سے درخواست کی جاتی ہے کہ بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے درج ذیل معلومات فراہم کر کے خود کو رجسٹرڈ کروالیں اور ان معلومات کے ساتھ ساتھ پاسپورٹ/ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل (دونوں اطراف سے)، (بصورت کاروباری ادارہ) بورڈ کی قرارداد/پاور آف اٹارنی کی مصدقہ نقل بھی فراہم کرنا لازم ہے۔ یہ تمام معلومات و دستاویزات 26 اکتوبر 2020 تک واٹس ایپ نمبر 0321-9436216 یا ای میل company.secretary@crescent.com.pk پر بھیجی جاسکتی ہیں۔

| ممبر کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

2 معلومات کی ضروری توثیق کے بعد رجسٹرڈ ہونے والے ممبران کو کمپنی کی جانب سے ان کے فراہم کردہ ای میل پتے پر ویڈیو لنک بھیج دیا جائے گا۔ اجلاس میں شرکت (login) کی سہولت اجلاس کا آغاز ہونے سے اجلاس کے اختتام تک موجود رہے گی۔

3 ایسے حصص داران جو کہ سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے کے بارے میں اپنی آراء اور مشوروں سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں وہ دوران اجلاس واٹس ایپ نمبر 0321-9436216 یا ای میل company.secretary@crescent.com.pk پر رابطہ کریں۔ کمپنی کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ان مشوروں اور آراء کو اجلاس میں پڑھ کر سنایا جائے اور ان کے نتیجے میں سامنے آنے والے ردعمل کو بھی اجلاس کی کاروائی کی شقوں میں شامل کیا جائے۔

## کھاتوں کی بندش اور پراکسی

4 کمپنی کے حصص منتقلی کے کھاتے 22 اکتوبر 2020 تا 28 اکتوبر 2020 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گے۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ ٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 503-E، جوہر ٹاؤن لاہور کو دفتری ایام کار کے دوران 21 اکتوبر 2020 تک موصول ہونے والی شیئرز کی منتقلی کی صحیح درخواستوں کو تسلیم کیا جائے گا اور وہ ممبران سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے اہل ہونگے۔

5 کمپنی کا ایسا کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کا حق رکھتا ہو اپنی جگہ کسی اور کو اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقرر شدہ پراکسی بھی اصل ممبر کی طرح سالانہ اجلاس عام میں تمام حقوق یعنی اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار رائے اور حق رائے دہی استعمال کرنے کا مجاز ہوگا۔ پراکسی فارم پر دو افراد بطور گواہ دستخط کریں گے اور فارم پر گواہوں کے دستخط کے ساتھ ساتھ ان کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ کے نمبر کا درج ہونا لازم ہے۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا لازم ہے۔